شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16جون2023ء

پریس ریلیز

سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے سیاسی فریقین اور ریاستی اداروں کا اتفاق ناگزیر ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے سیاسی فریقین اور ریاستی اداروں کا اتفاق ناگزیر ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اس وقت ملکی صورتِ حال یہ ہے کہ پاکستان معاشی لحاظ سے دیوالیہ ہوا چاہتا ہے اور سیاسی لحاظ سے بدترین انتشار کا شکار ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ اس معاملے میں دو رائے نہیں ہو سکتیں کہ ملک کو معاشی بحران سے نجات دلانے کے لیے سیاسی استحکام ناگزیر ہے۔ لیکن سیاسی اختلافات ذاتی دشمنیوں میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ اس بات کے اعتراف کے باوجود کہ کوئی ایک پارٹی ملک کو اس خوف ناک بحران سے نہیں نکال سکتی تمام توانائیاں ایک دوسرے کو کچلنے میں ضائع ہو رہی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سیاسی انتشار کو ختم کرنے کے لیے شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد کیا جائے اور جو پارٹی بھی کامیاب ہو دوسری جماعتیں اور ریاستی ادارے معاشی بحران کو حل کرنے کے لیے اُس سے مکمل تعاون کریں وگرنہ ہاتھیوں کی لڑائی میں گھاس بُری طرح کچلی جائے گی جبکہ عوام پہلے ہی بدترین مہنگائی کے ہاتھوں فاقہ کشی پر مجبور ہو رہے ہیں۔ سرمایہ کاری نہ ہونے سے کارخانے بند ہو رہے ہیں جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ بیروزگاری کا اژدھا سب کچھ ہڑپ کر جائے گا۔ فریقین ملکی سلامتی کو اپنی انا کی بھینٹ نہ چڑھائیں اور مل بیٹھ کر اس مسئلہ کا حل نکالیں۔ اُنہوں نے کہا کہ مذہبی سیاسی جماعتوں کے لیے ہمارا پیغام یہ ہے کہ وہ ہر طرف سے یکسو ہو کر پاکستان میں اسلامی نظام کے قیام کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دیں تاکہ پاکستان مضبوط اور مستحکم ہو اور ایک اسلامی فلاحی ریاست بن جائے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 16 June 2023

"Political rivals and state institutions must reach a consensus for political and economic stability."

Lahore (PR): "Political rivals and state institutions must reach a consensus for political and economic stability."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the country is currently staring at economic default and facing severe political chaos. There can be no two opinions about the fact that it is imperative to bring political stability to dig ourselves out of the economic quagmire. However, he lamented, political rivalries have turned into personal enmity. Despite acknowledging the fact that no single party can bring the country out of the economic crisis, the stakeholders are wasting all their energies in trying to crush one another. The Ameer said that free, fair and transparent elections must be held to end the political chaos and whichever party wins the elections should be supported by all other political rivals and state institutions in helping Pakistan recover from the economic crisis, or else the ensuing economic stampede will destroy all. The common man is already struggling to provide for two square meals. Factories are being shut down due to lack of investment and if the situation is not controlled then the fiend of unemployment would destroy everything in its path. The stakeholders must not make it a matter of personal egos and must sit together to resolves all outstanding issues of the country. The Ameer said that our message for the religious political parties is that they should divert all attention towards the sincere enforcement of the Islamic system in Pakistan so that the country may gain strength and stability and become a genuine Islamic welfare state.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan